**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS IX**

**ANNUAL EXAMINATIONS (THEORY) 2023**

**Urdu Compulsory Paper II**

**Time: 2 hours 10 minutes    Marks: 45**

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

## ہدایات

**درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔**

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور اگر وہ درست ہیں تو دستخط کیجیے۔

| |
|---|
| **میں تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میرا اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔**<br>**امیدوار کے دستخط** |

**خصوصی ہدایت**

2۔ اس پرچے میں کل **پانچ** سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

اپنا جواب تحریر کرنے کے لیے سیاہ روشنائی کا استعمال کیجیے۔ اپنے جوابات تحریر کرتے وقت پنسل کا استعمال نہ کیجیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نہ کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پِن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نہ کیجیے۔

اپنا جواب صرف دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔ صفحے کے چَوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نہ لکھیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین () میں دیے گئے ہیں۔

## حصہ نثر:

سوال۔ 1 (کل 7 نمبر)

(الف) ''حسن آرا: کیا بتاؤں، نیند کم بخت ایسی ٹوٹ پڑی ہے کہ کسی طرح مجھ کو سونے سے سیری ہی نہیں ہوتی۔ گھر بھر مجھ کو چھیڑا کرتا ہے اور چاہے کوئی بیماری ہو، ابّا جان ہمیشہ کہا کرتے ہیں کہ تمام تر سونے کا فساد ہے۔ مگر کیا کروں نیند پر قابو نہیں چلتا۔۔۔۔

محمودہ: اگر آپ دل سے نیند کو گھٹانا چاہیں تو کچھ مشکل بات نہیں۔ میں آپ کو بہت سہل تدبیر بتا سکتی ہوں۔۔۔۔ اوّل تو یہ کہ نیند کو بہلانے کے لیے کچھ مشغلہ چاہیے کہ طبیعت اس میں مصروف ہو جائے۔ دوسرے یہ کہ جو شخص سویرے اٹھنے والا ہو، اس پر تاکید کر دیجیے کہ جس طرح ممکن ہو، جھنجھوڑ کر، پانی کے چھینٹے دے کر آپ کو ہوشیار کر دیا کرے۔۔۔۔ اوّل اوّل آٹھ دس دن خلافِ عادت سویرے اٹھنے سے ایک خفیف سی گرانی اور درد معلوم ہوگا، مگر پھر عادت ہو جائے گی۔ خود بہ خود آنکھ کھلنے لگے گی۔''

(مجموعۂ نظم ونثر: 'صبح خیزی اور پڑھنے کے فائدے' از: ڈپٹی نذیر احمد)

دیے گئے نثر پارے میں موجود 'حسن آرا' اور 'محمودہ' کے درمیان ہونے والی گفتگو کے مِثل آپ اپنے حوالے سے کوئی ایسی ہی گفتگو تحریر کیجیے کہ جس میں آپ نے اپنے کسی دوست / سہیلی کی کوئی خامی دور کرنے کے لیے اُسے نصیحت کرتے ہوئے کوئی تجویز / مشورہ دیا ہو۔ (3 نمبر)

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

(ب) آپ کے مجموعۂ نظم و نثر (درسی کتاب) میں موجود سبق 'گھر کے نہ گھاٹ کے' میں پرندوں اور چرندوں، درندوں کے درمیان جنگ کا آغاز کس بارے میں اختلاف کرنے پر ہوا؟ بیان کیجیے۔ نیز جنگ بندی جس معاہدے پر ہوئی اُس کی وضاحت کیجیے۔
(2 نمبر)

(ج) صنفِ ادب کی تعریف: ''ایک ایسی تصنیف، جس میں مصنف نے اپنے حالاتِ زندگی خود قلم بند کیے ہوں۔''

درج بالا تعریف اردو ادب کی کس صنف سے متعلق ہے؟ نیز اپنے 'مجموعۂ نظم و نثر (درسی کتاب)' میں سے اسی صنف سے تعلق رکھنے والے سبق کا نام تحریر کیجیے۔
(2 نمبر)

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

**حصۂ نظم:**

سوال۔2 (کل 8 نمبر)

(الف)

بے گانگی میں حاؔلی یہ رنگِ آشنائی
سُن سُن کے سر دُھنیں گے قالِ اہلِ حال تیرا

(مجموعۂ نظم ونثر: 'حمد' از: الطاف حسین حاؔلی)

درج بالا شعر کی تشریح کیجیے۔ (2 نمبر)

(ب) اصنافِ سخن 'نعت' اور 'منقبت' کے درمیان فرق بیان کیجیے۔ (2 نمبر)

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

(ج)

قاصد صبا کے دوڑے ہر طرف منہ اُٹھا کر
ہر کوہ و دشت کو بھی کہتے ہیں یوں سنا کر
ہاں سبز جوڑے پہنو ہر دم نہا نہا کر
کوئی دم کو میگھ راجا دیکھے گا سب کو آ کر

آ یار چل کے دیکھیں، برسات کا تماشا

(مجموعۂ نظم ونثر: 'برسات کا تماشا' از: نظیر اکبر آبادی)

دیے گئے بند کے مفہوم کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے پہلے اور تیسرے (خط کشیدہ) مصرعے کی وضاحت کیجیے۔ (2 نمبر)

(د)

میں نے کہا کہ شہر کے حق میں دعا کرو
اس نے کہا کہ بات غلط مت کہا کرو

شعری اصطلاح 'قافیہ' کی تعریف بیان کرتے ہوئے درج بالا شعر میں سے اُس کی نشان دہی کیجیے۔ (2 نمبر)

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

**تبصرہ نگاری:**

سوال۔3 (کل 7 نمبر)

| |
|---|
| زیادہ پرانی بات نہیں جب گھر میں اخبار یا کوئی رسالہ آتا تھا تو چھینا جھپٹی شروع ہو جاتی تھی۔ اخبار میں چھپی خبروں اور مضامین پر سیر حاصل بحث ہوتی تھی۔ اخبار اور جرائد میں شائع ہونے والے معلوماتی مضامین علم میں اضافے کا باعث بنتے تھے ۔۔۔۔ لیکن بد قسمتی سے نئی نسل اخبارات و رسائل سے اتنی زیادہ بہرہ مند نظر نہیں آتی جتنا کہ اُسے اِس کی ضرورت ہے۔ (https://jang.com.pk) |

درج بالا اقتباس کے پس منظر میں اخبار بینی (پڑھنے) کے کم ہوتے رجحان پر تبصرہ کرتے ہوئے اس کی کوئی **ایک** بنیادی وجہ بیان کیجیے۔ نیز اخبار بینی کے **دو** فوائد اور اس کی عادت ڈالنے کے حوالے سے **ایک** تجویز شامل تحریر کیجیے۔

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

## تخلیقی تحریر:

سوال۔4 (کل 15 نمبر)



دیے گئے تصویری خاکے کے پس منظر میں **کہانی** یا **روداد** تحریر کیجیے۔

**ہدایات:**

1۔ **کہانی نویسی** / **روداد نویسی** کے اہم عناصر کو ملحوظ رکھیے۔ نیز اپنی تحریر کو عنوان دیجیے۔

2۔ دورِ حاضر کے واقعات کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے بچوں میں ویڈیو گیمز کھیلنے کے بڑھتے ہوئے رجحان کی وضاحت اور اس کی وجہ شاملِ تحریر کیجیے۔

3۔ تصویر کی جزئیات کا بہ غور جائزہ لیتے ہوئے ان ویڈیو گیمز کی نوعیت واضح کیجیے۔ نیز بچوں پر ان گیمز کے پڑنے والے منفی اثر کے تناظر میں اپنی تحریر کا احاطہ کیجیے۔

4۔ طنز و مزاح کی خوبی کو اپنی تحریر کا حصہ بنائیے۔

5۔ لکھنے کے لیے جس صنف کا انتخاب کریں اُس پر ( ✓ ) کا نشان لگائیے۔

**کہانی / روداد**

**عنوان:** ______________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

**غیر رسمی خط:**

سوال۔5 (کل 8 نمبر)

فرض کیجیے! آپ کے ایک دوست / سہیلی کو ذرا ذرا سی بات پر بہت غصہ آجاتا ہے۔ اُس کی اِس خصلت کے سبب اُس کے دوست / سہیلیاں اُس سے کترانے لگے / لگی ہیں۔ آپ خلوصِ نیت سے اُس کی اصلاح کے لیے اُسے سمجھانا چاہتے ہیں، مگر آپ کو یہ بھی خدشہ ہے کہ وہ کہیں آپ کی بات مکمل طور پر سنے بغیر آپ ہی پر نہ برس پڑے۔ اِس لیے آپ نے اُسے خط لکھنے کا ارادہ کیا ہے۔

درج بالا فرضی معاملے کے پس منظر میں آپ اپنے اس دوست / سہیلی کے نام خط تحریر کیجیے، جس میں اُسی دوست / سہیلی کے حوالے سے درج ذیل نکات شامل تحریر ہوں:

- غصے میں آجانے کا کوئی واقعہ،
- غصیلے مزاج کے سبب دوستوں / سہیلیوں کا کترانا،
- تحمل مزاجی کا فائدہ،
- غصے پر قابو پانے کے حوالے سے تجویز۔

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

اختتام

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only